دفتر میثاق، رحمان پورہ، اچھرہ، لاہور

عزیزی سلمہ ربہ

تمہارا خط بہت انتظار کے بعد ملا۔ حالات معلوم کر کے اطمینان ہوا۔ ہماری یہی دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ تمہیں ہر پریشانی سے محفوظ رکھے اور جلد تم سے ملاقات کی کوئی سبیل نکلے۔ یہ معلوم کر کے بڑی مسرت ہوئی کہ مشیر سلمہ کو بھی ہم لوگوں کی ملاقات کی خواہش ہے۔ میں تو سمجھتا تھا کہ اب وہ اس کا کبھی خیال بھی نہیں کرتے۔ میرے اندر تو جب سے گئے، انہوں اور ان کے بچوں کو دیکھنے کی بڑی خواہش ہے۔ اب یہ اللہ تعالیٰ کو معلوم ہے کہ اس زندگی میں یہ خواہش پوری ہوتی ہے یا نہیں۔

سعید سلمہ کے خطوط یہاں بھی برابر آتے رہتے ہیں۔ توقع ہے کہ دسمبر تک اس کا کام ختم ہو جائے گا اور وہ واپس آ سکے گا۔ ابو صالح مرحوم پر یہاں کے ۲۰ مئی کے اخبارات میں اچھے مضامین نکلے ہیں اور بعض اہم تصویریں بھی چھپی ہیں۔ معلوم نہیں یہاں کے اخبارات تمہیں ملتے ہیں یا نہیں۔ پاکستان ٹائمز، مشرق، اور نوائے وقت وغیرہ۔ میں نے مریم سے کہا ہے کہ وہ بعض تراشے اور بعض تصویریں تم کو بھیج دے۔ مگر کیا معلوم تم کو بھیج بھی سکیں یا نہیں۔

سب بزرگوں کو ہم سب کی طرف سے دعا اور سلام کہو۔

دعاگو

امین احسن اصلاحی

24.5.66